PR – XII (A-I-A) (24)

اُردو لازمی

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

سوال ۲: درج ذیل میں سے دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

۱) حاجی اورنگزیب خان کے کردار پر ایک پیراگراف لکھیں۔

۲) علامہ اقبالؒ کی نظم کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟ اور اس کا نام جوابِ شکوہ کیوں رکھا گیا؟

۳) نظم کے لغوی معنی اور ادب کی رُو سے تعریف لکھیں نیز نظم کی کوئی سی تین اقسام کے نام لکھیں؟

۴) متحمل العذین کی تعریف کریں اور اس کی تین مثالیں لکھیں۔

۵) ایسے پانچ جملے تحریر کریں جن میں امدادی فعل ہوں۔

۶) نظم بڑھے چلو کا مرکزی خیال نکات میں بیان کریں۔

۷) محاورہ اور روزمرہ میں فرق بیان کریں اور کوئی سے دو محاورے لکھیں۔

۸) نظم مناظرِ سحر میں پیش کیا گیا صبح کا منظر اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

۹) مولوی وحید الدین کی زباں دانی اور اصطلاحاتِ زبان پر دسترس کی مصنف نے جن الفاظ میں تعریف کی ہے۔ تحریر کریں۔

۱۰) تمیز یا متعلق فعل کی تعریف کریں اور کوئی سے چار تمیزی الفاظ لکھیں۔

۱۱) افسانہ محسن محلہ کا مرکزی خیال 5 نکات میں لکھیں۔

۱۲) سبق سقراط کا خلاصہ تحریر کریں۔

۱۳) تشبیہ اور استعارہ میں کیا فرق ہے؟ دونوں کی ایک ایک مثال پیش کریں۔

سیکشن (ج)

سوال ۳: درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جز کی سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے تشریح کریں۔

الف) اب میں نے دیکھا کہ فقط ایک کرسی خالی ہے اور بس۔ اتنے میں آواز آئی کہ آزاد کو بلاؤ۔ ساتھ ہی آواز آئی کہ شاید وہ اس جرگہ میں بیٹھنا قبول نہ کرے۔ مگر وہاں سے پھر کوئی بولا کہ اسے جن لوگوں میں بٹھاؤ گے، بیٹھ جائے گا۔ اتنے میں چند اشخاص نے غُل مچایا کہ اس کے قلم نے ایک جہان سے لڑائی باندھ رکھی ہے۔ اسے دربارِ شہرت میں جگہ نہ دینی چاہیے۔

ب) تقدیر ان کو ٹھوکریں کھلواتی ہے جو تاجوروں کے ٹھوکریں مارتے تھے۔ قسمت نے ان کو بے بس کر دیا جو بیکسوں کے کام آتے تھے۔ ہم چنگیز کی نسل ہیں۔ جس کی تلوار سے زمین کانپتی تھی۔ ہم تیمور کی اولاد ہیں جو ملکوں کا اور شہریاروں کا شاہ تھا۔ ہم شاہجہاں کے گھر والے ہیں، جس نے ایک قبر پر جواہر نگار بہار دکھا دی اور دُنیا میں بے نظیر مسجد دہلی کے اندر بنا ڈالی۔

سوال ۴: درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔

الف)
سپاہیانہ زندگی جو قسمتِ سعید ہے — تو رزم گہ کی موت بھی سپاہیانہ عید ہے
جیا تو فخرِ قوم ہے مرا تو وہ شہید ہے — سروں سے باندھ کر کفن بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو — بہادرانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو

ب)
مہینے وصل کے گھڑیوں کی صورت اُڑتے جاتے ہیں — مگر گھڑیاں جدائی کی گزرتی ہیں مہینوں میں
مجھے رو کے گا تُو اے ناخدا کیا غرق ہونے سے — کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں

سوال ۵: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔

(الف) ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ
(ب) مشینوں کے فوائد اور صحیح استعمال
(ج) بیروزگاری۔ ایک قومی مسئلہ

www.ilmkidunya.com